سوال

نمازِ عید کے لیے سڑک وغیرہ بلاک کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کئی اہلحدیث آبادی کی مسجد میں یا مسجد کے باہر سڑک کو بلاک کر کے عید کے اجتماعات کرتے ہیں ان کی شرعی حیثیت کیا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عید کا اجتماع کھلے میدان اور عیدگاہ میں کرنا چاہیے ۔ روڈ اور سڑکیں بلاک کرنا اگر اس سے لوگوں کو تکلیف ہوتی ہو تو صحیح نہیں ہے ۔ اس سے اجتناب کیا جائے ۔ لاضرر ولاضرار کے اصول کا یہی تقاضا ہے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص454

محدث فتویٰ